© rasailojaraid.com

فی الحدیث امام محمد بن اسماعیل البخاری سے منسوب کیا گیا ہے۔اس موقع پر دارالعلوم کے نائب مہتمم اور دیگر اساتذۂ کرام بھی موجود تھے۔اس موقع پر تبرکاً حفاظ کرام نے ختم قرآن کا اہتمام بھی کیا۔یہ نیا دارالاقامہ انشاءاللہ ۴ منزلہ عمارت پر مشتمل ہوگا۔ان شاءاللہ اس عمارت کے بننے کے بعد دارالعلوم میں طلباء کے لئے مزید نئی جگہیں میسر ہوجائیں گی۔جس کی ان دنوں دارالعلوم میں طلباء کی تعداد کی وجہ سے شدید کمی ہے۔اس عمارت کی تعمیر کے سلسلے میں قارئین الحق اور دارالعلوم کے مخلصین سے تعاون کی بھی اپیل ہے۔

**ملک کے مدارس دینیہ کے اختتامی تقریبات اور اساتذہ دارالعلوم کی مصروفیات:** رجب اور شعبان میں ملک بھر میں دینی مدارس کے اختتامی تقریبات، ختم بخاری، دستار بندی اور تقسیم اسناد کے شکل میں ہوتی ہیں، ان تقریبات میں دارالعلوم کے اساتذہ حضرت مولانا سمیع الحق مدظلہ، مولانا ڈاکٹر شیر علی شاہ مدظلہ، مولانا انوار الحق مدظلہ، مولانا مغفور اللہ مدظلہ اور دیگر حضرات مہمان خصوصی کے طور پر شریک ہوئے اور اس سلسلہ میں دور دراز کے اسفار کیے۔اس طرح پورے ملک میں دارالعلوم کی بھرپور نمائندگی ہوتی رہی۔

**جمعیت علماء اسلام کی صوبائی مجلس عاملہ کا اجلاس:** ۳۰ رجولائی کو جمعیت علماء اسلام کی صوبائی مجلس عاملہ کا اجلاس ہوا۔جس میں مہمان خصوصی حضرت مولانا سمیع الحق صاحب مدظلہ تھے اور اجلاس کی صدارت، جناب حافظ حسین احمد صاحب مردان نے کی۔صوبائی امیر مولانا قاضی عبداللطیف صاحب مدظلہ بوجہ علالت شریک نہ ہوسکے، ان کی صحت کاملہ کے لئے دعا کی گئی۔قارئین سے بھی ان کی صحت وعافیت کی دعا کی درخواست ہے۔اجلاس میں ملک اور خصوصاً سرحد اور قبائلی علاقوں میں پیدا شدہ تشویشناک صورتحال پر غور وخوض کیا گیا۔

**حضرت مہتمم صاحب مدظلہ کا سفر جنوبی ویت نام، آذربائیجان، ترکی:** حضرت مولانا سمیع الحق صاحب مدظلہ گزشتہ دنوں سینٹ کی خارجہ کمیٹی کے معزز ارکین کے ہمراہ جنوبی ویت نام، آذربائیجان اور ترکی وغیرہ کے دورہ پر تشریف لے گئے۔دس روزہ دورہ میں حضرت مولانا سمیع الحق صاحب مدظلہ نے موقع سے فائدہ اٹھاتے ہوئے ان ممالک کے سربراہان ملک، وزراء اعظم، پارلیمنٹ کے اسپیکروں اور چیئرمینوں اور پارلیمانی کمیٹیوں میں عالم اسلام کو درپیش صورتحال، اسلام کے خلاف غلط پروپیگنڈہ اور دہشت گردی کے الزامات بالخصوص مدارس دینیہ کے کردار پر تفصیل سے روشنی ڈالی اور بھرپور دفاع کیا۔(اس دورہ کی مختصر رپورٹ ان شاءاللہ اگلے شمارہ میں شامل کی جائے گی)

**دارالعلوم میں دانشوروں اور صحافیوں کی آمد:** یکم اگست ۲۰۰۸ء بروز جمعہ ہالینڈ کے ایک ریسرچ سکالر جناب ہیری اور دیگر حضرات دارالعلوم تشریف لائے اور انہوں نے حضرت مہتمم صاحب مدظلہ سے پاکستان اور عالم اسلام کی موجودہ صورتحال پر تفصیلی انٹرویو لیا۔اس طرح گزشتہ ہفتہ روس کے معروف سرکاری ٹی وی چینل کی ٹیم نے بھی حضرت مولانا مدظلہ سے تفصیلی ڈیڑھ گھنٹہ انٹرویو ریکارڈ کیا۔اور دارالعلوم کے مختلف اساتذہ اور طلباء سے انٹرویوز بھی لئے۔

© rasailojaraid.com